پروفیسر اسلم انصاری

اے شبستانِ حرا.....!

(نعتیہ)

اے شبستانِ حرا،
اے دلِ سنگ میں ٹھہرے ہوئے اک نقشِ جمیل
اے کہستان جمادات میں جاگی ہوئی تقدیر کی لو
اے نہاں خانۂ ہستی کے خزینوں کی ضیاء
اے دلِ آدم و عالم کی دعا
اے شبستانِ حرا!
صبحِ آفاق نے مانگی تھی ترے ذروں کی نادیدہ کرن
تو نے سیکھا تھا ازل سے دُرِ مکاں کی طرح وا رہنا
کہکشائیں تری دہلیز سے گزری ہیں زمانوں کی طرح
اور ـــــ زمانے، جو مہ و سال ہیں ـــــ
سانس روکے ہوئے
اور سر کو جھکائے ہوئے، آتے ہیں یہاں
فیض رِوانی کے لئے
سب عبارات و اشارات ہیں خاموش یہاں
حسنِ معانی کے لئے!
اے شبستانِ حرا،
اے لبِ ہستی کی دعا
اے دلِ آدم و عالم کی تمنا کی مثیل
اے گزرتی ہوئی آنات میں اک قائم و دائم کی دلیل
تو وہ خوش بخت کہ اس مہرِ جہاں تابؐ نے بخشا تجھے جلووں کا ہجوم
حسنِ انفاس کا تنزیہ و تعطر تری محراب کو فردوس نما کرتا تھا،
تیرے دامن میں ہوا صبحِ رسالت کا طلوع
اے دلِ آدم و عالم کی دعا
اے شبستانِ حرا!
اے شبستانِ حرا!